سوال نمبر : 10734

منجانب:- نعیمہ کشور خان صاحبہ ایم پی اے

کیا وزیر کھیل ثقافت ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	جواب
الف	مردان، صوابی اور چارسدہ میں موجودہ بڑے پیمانے پر آثار قدیمہ کے سائیڈ کو محفوظ بنانے کے لئے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	محکمہ آثار قدیمہ و عجائبات نے حکومت خیبر پختونخواہ کے تعاون سے مردان، صوابی اور چارسدہ میں آرکیالوجیکل سائٹس کو محفوظ بنانے کے لیے کئی اقدامات کئے ہیں جن میں تخت بھائی مردان سائٹ، باجا سائٹ، عزیز ڈھیری وغیرہ کی زمین کا قیمتا حصول بحق سرکار زیر عمل ہے اسکے علاوہ اہم سائٹس کی ترقی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔
ب	پچھلے سات سال کے دوران کتنے نوادرات کن ممالک میں کن مقاصد کے لئے بھیجے گئے اور کیا وہ واپس آگئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز آئے روز مردان، صوابی اور چارسدہ میں نوادرات برآمد ہو کر سمگل یا منائع ہو رہے ہیں حکومت اس کو محفوظ بنانے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہیں۔	گزشتہ سات سال میں نوادرات دوسرے ممالک میں نمائش کے لیے بھجوائے گئے تھے جو کہ واپس آچکے ہیں۔ ☆۔ گندھارا آرٹ نمونوں کی نمائش 29 جون 2017 کو جنوبی کوریا میں منعقد ہوئی جس میں 40 مختلف قسم کے قدیمی نوادرات بھیجے گئے تھے جو کہ واپس آچکے ہیں۔ ☆۔ زیورخ میوزیم سوئٹزرلینڈ میں منعقدہ نمائش کے لیے پشاور میوزیم سے بدھا کا دیو قامت مجسمہ نمائش کے لیے بھیجا گیا تھا جو 15 دسمبر 2018 کو واپس لایا گیا ہے۔ ☆۔ مردان، صوابی اور چارسدہ میں نوادرات کی برآمد یا سمگلنگ کیخلاف محکمہ ہذا بروقت کاروائی کر رہا ہے کئی پولیس اسٹیشنز میں غیر قانونی کھدائیوں اور سمگلنگ کی روک تھام کے لیے کیسز درج کئے گئے ہیں اور دیگر کئی کیسز عدالتوں میں زیر سماعت ہیں۔

Scanned with CamScanner